© rasailojaraid.com



ابوطلحہ عثمان ایم اے

# غلط طریقے سے جنگ کون لڑ رہا ہے؟

۹ر جنوری ۲۰۱۴ء کے قومی اخبارات میں مشیر خارجہ جناب سرتاج عزیز کا بیان شائع ہوا ہے کہ ''امریکہ غلط طریقے سے غلط جنگ لڑ رہا ہے۔'' ''پرویز مشرف کا فاٹا میں فوج بھیجنا تباہ کن تھا، اس سے فاٹا کا ڈھانچا تباہ ہوا......''

محترم مشیر خارجہ سے عرض ہے کہ جنرل پرویز کا فوج بھیجنا تباہ کن تھا تو آپ نے بھی تو فوج بھیجی ہوئی ہے۔ واپس نہیں بلائی، فاٹا کے تباہی سے بچے کھچے ڈھانچے سے فوج واپس کیوں نہیں بلاتے؟ یہ خاموش آپریشن کیوں جاری ہے۔ کیا خیال ہے آپ کے فوجی بمبار ایک گھرانے کے پانچ سات بندے ماریں گے تو بچ جانے والے دو تین آپ کو پھول پیش کریں گے۔ کیا آپ کی اپیلیں، علماء کے فتوے اور طالبان سے مذاکرات ان بچ جانے والوں کو فدائی بمبار بننے سے روک لیں گے؟ آپ نے فرمایا ''اب ڈرون حملے بند ہونا چاہئیں۔'' یہ آپ کس کو حکم یا تجویز دے رہے ہیں؟ کیا حکومت آپ کے پاس نہیں؟ کیا فوج کو ڈرون گرانے کا حکم کوئی امریکی، یورپی جرنیل دے گا؟ اگر آپ حکم نہیں دے سکتے، آپ نہیں کوئی اور اَن دیکھی قوت حکومت کر رہی ہے تو آپ کس قسم کے حکمران ہیں؟ صرف اپیلیں کرنے والے؟ صرف ''چاہئیں'' کی گردان کرنے والے؟ حالانکہ ابھی تھوڑا پہلے جب آپ حزبِ مخالف میں تھے تو ڈرون حملے بند کرانے اور فاٹا سے فوج واپس بلانے کے بڑے دعویدار تھے...... آپ فرماتے ہیں ''امریکہ نے افغانستان میں مقاصد حاصل نہیں کیے پاکستان کے لیے مسائل پیدا کیے ہیں......'' یہ ملک اگر آپ کا ہے اور حکومت آپ کی ہے تو اب آپ اُن مسائل کو ختم کیوں نہیں کرتے؟ کوئی پیش رفت کیوں نہیں کرتے...... چند مہینے پہلے آل پارٹیز کانفرنس میں طالبان کے ساتھ مذاکرات کا اختیار آپ کو دیا گیا مگر آپ کی حکومت نے اس وقت تک مذاکرات کو لٹکائے رکھا جب تک حکیم اللہ محسود کو شہید نہیں کر دیا گیا...... آپ کے وزیراعظم امریکی اوباما سے ملنے گئے۔ وہاں نہ ڈرون کے بارے میں بات ہوئی نہ کوئی اور اہم مسائل پاکستان کے زیرِ بحث آئے مثلاً ڈاکٹر عافیہ کی رہائی۔ صرف اور صرف ڈالروں کی امداد ملی جو صرف فاٹا پر بم برسانے کے لیے فوجی مقاصد کے ساتھ مشروط تھی (اور کہا گیا کہ ڈرون آپ کی مرضی سے حملے کرتے ہیں)

آپ فرماتے ہیں ''امریکہ غلط لوگوں کے ساتھ غلط طریقے سے غلط جنگ لڑ رہا ہے......'' افغان طالبان واقعی ''غلط لوگ'' ہیں۔ آپ نے بالکل سچ فرمایا کیونکہ وہ امریکہ کی کالونی نہیں بنے، انہوں نے امریکی غلامی پر ملک وملت کی آزادی کو ترجیح دی ہے۔ انہوں نے لاکھوں بچے، بوڑھے، عورتیں اور امن پسند جوان شہید کروا لیے مگر امریکہ اور پوری دنیا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی کافر صلیبی طاقتوں کی غلامی قبول نہیں کی، واقعی آپ نے درست فرمایا امریکہ غلط طریقے سے جنگ لڑ رہا ہے۔ آپ کے پیشرو جس کی پالیسیوں کو آپ نے جاری رکھا ہوا ہے جنرل پرویز نے بری، بحری اور فضائی اڈے اور پورا ملک امریکہ کے حوالے کر دیا تھا۔ آپ نے ابھی تک ہوائی اڈے کیوں واپس نہیں لیے؟ آپ نے ابھی تک امریکہ کی ڈالروں والی مدد کے ساتھ ''اپنی'' جنگ سے علیحدگی کیوں اختیار نہیں کی؟ فاٹا، سوات و سرحدی قبائل کے ساتھ جنگ میں جان بحق ہونے والوں کے بڑے بڑے بورڈ ''شہید فلاں، شہید فلاں'' ہر شہر کی گلی گلی میں نظر آ رہے ہیں۔ دیہاتی قبرستانوں میں ایسے ''شہیدوں'' کی پختہ مُسقّف قبریں اور اُن پر بجلی کے قمقمے بھی جگمگ جگمگ کر رہے ہیں، یہ اور بات کہ برزخ اور قبر کے اندر اُن ''شہیدوں'' کو کیا ملا ہے۔ کسی کو اس کا علم نہیں مگر ان ملکی ملّی جانباز سپاہیوں کو اس انجام کو پہنچانے والے پرویزی گروپ، زرداری گروپ اور اب انہی کے نقوش قدم پر چلنے والے اور اوباما سے منت خوشامد کر کے قبائل کے خلاف فوجی مدد اور بمبار اسلحہ لے کر اس پر نازاں ہونے والا آپ کا میاں گروپ سب شامل ہیں...... امریکہ اور اس کے اتحادی تو جا رہے ہیں مگر آپ کی نسلوں کو تو پاکستان میں رہنا ہے؟ اگر ''یہ غلط جنگ'' ہے تو محترم مشیر خارجہ آپ اس جنگ، اس غلط جنگ سے علیحدگی کیوں اختیار نہیں کرتے؟ بچوں کو تسلی دینے جیسے الفاظ سے آپ کب تک اوپر سے پاکستان کے مخلص حکمران اور اندر سے امریکی کالونی کے امریکی ناظم بن کر رہیں گے، افغانی مجاہدوں کو آپ کے پیش رو حکمرانوں نے ۵۶ ہزار سے زائد امریکی بمبار طیاروں سے شہید کروایا ہے۔ آپ بھی انہی راہوں پر چل رہے ہیں، اس پرائی مسلم کش جنگ سے علیحدگی ہی آپ کے اور تمام پاکستانی سیاست دانوں کے مفاد میں ہے۔ افعان مظلوم طالبان نے پاکستان کے ہاتھوں نقصان اُٹھانے کے باوجود کبھی ایک لفظ پاکستان کے خلاف نہیں بولا!

الغازی مشینری سٹور
ہمہ قسم چائنہ ڈیزل انجن، سپئیر پارٹس
تھوک و پرچون ارزاں نرخوں پر ہم سے طلب کریں
بلاک نمبر 9 کالج روڈ، ڈیرہ غازی خان 064-2462501



© rasailojaraid.com